# کشتواڑ تصادم: فوجی جوان شہید، آپریشن ہنوز جاری

## جموں وکشمیر: پاکستانی گولی باری 'ریاستی آفت' قرار، مہلوکین کے کنبہ کو دیے جائیں گے 4 لاکھ روپے




جموں، 22 مئی (یو این آئی) جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ کے چھاترو علاقے میں جمعرات کی صبح سکیورٹی فورسز اور ملی ٹینٹوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس دوران ایک فوجی جوان جان کی بازی ہار گیا۔ جھڑپ کے بعد علاقے میں بڑے پیمانے پر تلاشی آپریشن جاری ہے اور فورسز نے ممکنہ فرار کے تمام راستوں پر پہرے بٹھا دیے ہیں۔ ذرائع نے یو این آئی کو بتایا کہ چھاترو کے جنگلاتی علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی سے متعلق خفیہ اطلاع ملنے کے بعد فوج، سی آر پی ایف اور جموں وکشمیر پولیس کی مشترکہ ٹیم نے جمعرات کی علی الصبح علاقے کو محاصرے میں لے کر تلاشی آپریشن شروع کیا۔ جیسے ہی فورسز کے اہلکار مشتبہ مقام کے قریب پہنچے، وہاں چھپے دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی جس کے بعد دونوں طرف سے شدید گولیوں کا تبادلہ ہوا۔ جھڑپ کے دوران ایک فوجی جوان شدید طور پر زخمی ہو گیا، جسے فوری طور پر نزدیکی طبی مرکز منتقل کیا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ متوفی جوان کی شناخت فوری طور پر ظاہر نہیں کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن کو وسعت دی ہے۔ اضافی کمک بھی جنگل کی جانب روانہ کر دی گئی ہے تاکہ دہشت گردوں کو کسی بھی صورت میں فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے۔ فوجی ذرائع کے مطابق جھڑپ کے مقام سے وقفے وقفے سے فائرنگ کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں اور آپریشن ابھی بھی جاری ہے۔ مقامی لوگوں کو گھروں کے اندر ہی رہنے کی ہدایت دی گئی ہے اور علاقے میں سخت حفاظتی بندوبست کیا گیا ہے۔ فوج کی وائٹ نائٹ کور نے مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر جاری ایک بیان میں کہا ہے: 'کشتواڑ کے چھاترو جنگلی علاقے میں جاری انکاونٹر میں فوج کا ایک جوان شہید ہوا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ فوج اپنے شہید سپاہی کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔

جموں وکشمیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ باز آبادکاری محکمہ نے پاکستانی گولی باری کو ریاستی آفت قرار دے دیا ہے۔ جنگ جیسے حالات میں ہلاک لوگوں کے کنبوں اور زخمیوں کو اب ریاستی آفت راحتی فنڈ (ایس ڈی آر ایف) سے مدد فراہم کی جائے گی۔ مہلوکین کے کنبوں کو 4-4 لاکھ روپے کی مدد پیش کی جائے گی، جبکہ 60 فیصد سے زیادہ زخمیوں کو 2.5 لاکھ روپے اور 40 سے 60 فیصد تک زخمیوں کو 75 ہزار روپے کی مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ 40 فیصد تک زخمی ہونے والوں کو 16 ہزار روپے دیے جائیں گے۔ محکمہ ریونیو پاکستانی گولہ باری میں ہلاک ہونے والوں پر مشتمل تجزیاتی رپورٹ ضلع ڈپٹی کمشنروں کو سونپے گا۔ گولہ باری میں زخمی ہوئے لوگوں کا اسپتالوں سے ریکارڈ طلب کیا گیا ہے۔ ان کی رپورٹ کی بنیاد پر ایس ڈی آر ایف سے فنڈ جاری ہوگا۔ جموں وکشمیر میں ایسا پہلی بار ہوا ہے جب اس طرح کے معاملوں میں مدد قدرتی آفات کی طرح دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنروں کے ذریعہ سے متاثرہ کنبوں تک یہ امدادی رقم پہنچائی جائے گی۔ یہ مدد مہلوکین کے کنبوں سے لے کر زخمیوں اور ملکیت کا نقصان ہونے پر دی جائے گی۔ پاکستانی گولہ باری میں ملکیت کو ہوئے نقصان پر بھی معاوضہ دیا جائے گا۔ ایسے متاثرین کو 3 ہزار روپے سے لے کر 1.20 لاکھ روپے تک کی مدد ملے گی۔ جن لوگوں کا پختہ مکان متاثر ہوا ہے، انھیں 1.20 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ کچے مکان کے نقصان پر 65 ہزار روپے کی مدد دی جائے گی۔ گئوشالہ کی تباہی پر 3 ہزار روپے دیے جانے کی بات کہی گئی ہے۔ جن علاقوں میں نقصانات کا اندازہ لگایا جا چکا ہے، وہاں معاوضہ دینے کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ جموں وکشمیر میں اب تک قدرتی طور پر ہونے والے نقصانات کو ہی آفات میں شامل کیا گیا تھا۔ حکومت نے زلزلہ، سیلاب یا لینڈ سلائیڈ کے علاوہ ڈھلان سے گرنے، سڑک حادثہ، سانپ کے کاٹنے یا بجلی گرنے سے موت جیسے معاملوں کو قدرتی آفات میں شامل کیا ہوا ہے۔ اب مستقبل میں جنگ جیسے حالات بننے پر بھی متاثرین کو ایس ڈی آر ایف سے مدد ملے گی۔

## لال چوک میں بی جے پی کی ترنگا ریلی

### 'آپریشن سندور' کی کامیابی پر فوج کو خراجِ تحسین



سری نگر، 22 مئی (یو این آئی) جموں وکشمیر کی گرمائی راجدھانی سری نگر کے تاریخی لال چوک میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے جمعرات کے روز ایک شاندار ترنگا ریلی نکالی جس میں بڑی تعداد میں پارٹی کارکنان، مقامی شہری اور یوتھ ونگ کے رضا کار شامل ہوئے۔ ریلی کے دوران 'آپریشن سندور' کی کامیاب تکمیل پر فوج کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو سلام پیش کیا گیا۔ ریلی کی قیادت بی جے پی کے ضلعی سطح کے لیڈران نے کی۔ اس دوران شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے ہوئے حب الوطنی کے نعرے لگائے اور ملک کی سلامتی و اتحاد کے حق میں آواز بلند کی۔ پارٹی دفتر سے شروع ہونے والی یہ ریلی لال چوک کے گھنٹہ گھر (کلاک ٹاور) پر اختتام پذیر ہوئی۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر نے یو این آئی کو بتایا: 'یہ ترنگا ریلی صرف ایک تقریب نہیں بلکہ کشمیری عوام کے بدلتے ذہن و مزاج اور قومی دھارے سے جڑنے کے عزم کی علامت ہے۔ ہم سکیورٹی فورسز، خاص طور پر فوج کو 'آپریشن سندور' کی شاندار کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، جنہوں نے جموں کے علاقے میں ایک خطرناک دہشت گرد حملے کو ناکام بنایا۔' ترنگا ریلی کے دوران سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ پولیس، سی آر پی ایف اور دیگر فورسز نے پورے لال چوک اور گرد و نواح کو محاصرے میں لے رکھا تھا تاکہ امن و قانون کی صورتحال متاثر نہ ہو۔ بی جے پی لیڈران نے اس موقع پر کہا کہ کشمیر میں امن و ترقی کے سفر کو کسی بھی صورت میں رُکنے نہیں دیا جائے گا اور عوام کو درپیش تمام مسائل کے حل کے لیے وہ ہر سطح پر اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ ریلی کے اختتام پر شہداء کے لیے خاموشی اختیار کی گئی اور ملک کے تحفظ کے لیے جان قربان کرنے والے سپاہیوں کی قربانیوں کو یاد کیا گیا۔

# منی پور: صحافیوں کی بس روکنے سے متعلق معاملہ کی ہوگی جانچ، 2 رکنی کمیٹی تشکیل




منی پور میں شیروئی لِلی مہوتسو میں جا رہے صحافیوں کو روکنے کا واقعہ طول پکڑتا جا رہا ہے۔ سماجی تنظیمیں، سیاسی پارٹیاں اور دیگر تنظیمیں بھی اس معاملے میں کود پڑی ہیں اور جم کر احتجاجی مظاہرے کیے جا رہے ہیں۔ صحافیوں کے مطالبہ پر اس معاملے کی جانچ کے لیے محکمہ داخلہ نے 2 رکنی کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے، جسے 15 دنوں میں اپنی رپورٹ جمع کرنی ہے۔ یہ کمیٹی صحافیوں کو شیروئی لِلی سیاحتی مہوتسو میں لے جا رہی بس سے ریاست کا نام ڈھکنے کے الزامات کی جانچ کرے گی۔ محکمہ داخلہ کے ذریعہ جاری حکم میں کہا گیا ہے کہ کمیٹی 20 مئی کو گوالتابی چیک پوسٹ کے پاس منی پور شیروئی مہوتسو کی کوریج کے لیے میڈیا اہلکاروں کو لے جا رہی منی پور اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کی بس اور سلامتی دستوں سے جڑے حالات اور حقائق کی جانچ کرے گی۔ کمیٹی یہ بھی دیکھے گی کہ کہیں کوئی تساہلی تو نہیں ہوئی ہے اور مستقبل میں اس طرح کے واقعات پھر سے دہرائے نہ جائیں اس کے لیے کیا طریقے اپنائے جا سکتے ہیں، اس پر غور کرے گی۔ اس کمیٹی میں داخلہ کمشنر این اشوک کمار اور سکریٹری ٹی کرن کمار سنگھ شامل ہیں۔ اس درمیان دفاعی ذرائع سے جو خبر سامنے آئی ہے اس کے مطابق یہ واقعہ پوری طرح سے بات چیت کی کمی کے سبب پیدا ہوئی غلط فہمی کی وجہ سے ہوا۔ کیونکہ جو بس صحافیوں کو لے کر شیروئی لِلی مہاتسو کی کوریج کرنے جا رہی تھی، اس کی پیشگی اطلاع سلامتی دستوں کے پاس نہیں تھی۔ واقعہ سے متعلق سینئر دفاعی ذرائع بتاتے ہیں کہ سلامتی دستوں نے صرف حکم پر عمل کیا ہے۔ تشدد کے دوران سرکاری ٹرانسپورٹ بسوں پر حملے کی وجہ سے اعلیٰ افسروں کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ تشدد کے دوران منی پور اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کی بسیں نہیں چلائی جائیں گی۔ اگر چلائی جائیں گی تو اس کی اطلاع پہلے ہی سلامتی دستوں کو دینی ہوگی۔ قابل ذکر ہے کہ گزشتہ منگل کو گوالتابی چیک پوسٹ (امپھال سے تقریباً 25 کلومیٹر دور) پر جس بس کو سلامتی دستوں نے روکا، وہ بس منی پور اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کی تھی۔ اس میں ڈائرکٹوریٹ آف انفارمیشن اینڈ پبلک ریلیشنز (ڈی آئی پی آر) کے ملازمین اور صحافی شامل تھے لیکن سلامتی دستوں کے پاس اس بس کے شیروئی لِلی مہوتسو میں جانے کی کوئی پیشگی اطلاع نہیں تھی۔ حکم اور لوگوں کے تحفظ کے پیش نظر سلامتی دستوں نے صرف نام کو چھپانے کے لیے کہا تھا، مہوتسو میں جانے سے روکا نہیں تھا۔ دفاعی ذرائع نے دعویٰ کیا کہ اگر سلامتی دستوں کو پیشگی اطلاع ہوتی تو دیگر گاڑیوں کی طرح اس بس کو بھی وہ نہیں روکتے۔

## سی بی آئی نے ستیہ پال ملک کے خلاف چارج شیٹ داخل کی

نئی دہلی، 22 مئی (یو این آئی) مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے جمعرات کو جموں وکشمیر کے سابق گورنر ستیہ پال ملک اور پانچ دیگر کے خلاف جموں وکشمیر میں کیرو ہائیڈرو پاور پروجیکٹ سے جڑے مبینہ بدعنوانی کے معاملے میں چارج شیٹ داخل کی۔ یہ چارج شیٹ ایسے وقت میں داخل کی گئی ہے جب مسٹر ملک اسپتال میں داخل ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسٹر ملک کے علاوہ جن لوگوں کے خلاف چارج شیٹ دائر کی گئی ہے ان میں ان کا پرسنل اسسٹنٹ بھی شامل ہے۔ تحقیقاتی ایجنسی نے سال 2022 میں اس معاملے کی جانچ شروع کی تھی اور کئی مقامات پر چھاپے بھی مارے تھے۔ مسٹر ملک نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں اس منصوبے کی منظوری کے لیے رشوت کی پیشکش کی گئی تھی۔ دریں اثنا، مسٹر ملک نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ وہ رام منوہر لوہیا اسپتال میں داخل ہیں اور بات کرنے کی حالت میں نہیں ہیں۔

# کسانوں کو سی ایس آر سے جوڑیں: دھنکھڑ



نئی دہلی، 22 مئی (یو این آئی) نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے جمعرات کو زراعت کو کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (سی ایس آر) سے جوڑنے پر زور دیا اور کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان کا راستہ کسانوں کے ذریعے ہی ہے۔ آج گوا میں انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ-سینٹرل کوسٹل ایگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے کیمپس میں کسانوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر دھنکھڑ نے کہا کہ ہندوستانی معیشت کو ترقی دینے کی کوششوں میں کسانوں کی شراکت کو بڑھانا ضروری ہے۔ صنعتوں کو اپنے سی ایس آر فنڈز کو زراعت میں لگانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس فنڈ کو زرعی تحقیق میں استعمال کیا جائے اور کسانوں کو اس میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ "کسانوں کی شراکت قائم کی جانی چاہیے، تحقیق ہونی چاہیے اور ان کے سی ایس آر فنڈ کو دیہی ترقی کے اہم مسائل کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے، تب ہی بڑی تبدیلی آئے گی۔" انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان بننے کا راستہ کسانوں کے کھیتوں اور گاؤں سے ہوتا ہے۔ کسان خود کو پیداوار تک محدود نہ رکھیں بلکہ موجودہ دور میں کسان کا کام صرف پیداوار تک محدود ہے۔ اس کے بعد کسان کسی نہ کسی طریقے سے خود کو الگ کر لیتا ہے۔ کسانوں کو بھی اپنی پیداوار کی خرید و فروخت میں حصہ لینا چاہیے۔ نائب صدر نے کہا کہ مرکزی حکومت کسانوں کی بہت مدد کر رہی ہے اور سبسڈی کی شکل میں مدد فراہم کر رہی ہے۔ لیکن یہ رقم براہ راست کسانوں کو دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی روح کسانوں اور دیہاتوں میں رہتی ہے۔ وہ سماجی استحکام کا سب سے اہم حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے کئی ممالک لائیو اسٹاک پر قائم ہیں۔ نیوزی لینڈ جیسے ممالک میں کم آبادی اور بہت زیادہ مویشی ہیں۔ ہندوستان میں بھی اس سلسلے میں نئی ٹیکنالوجی لانے کی ضرورت ہے۔ اسے کسانوں کو کاروباری بننے پر زور دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زرعی معیشت کا مطلب صرف زرعی پیداوار نہیں ہے۔ ویلیو ایڈیشن، مارکیٹنگ اور زرعی مصنوعات کی تقسیم بھی اس کے حصے ہیں۔ ان میں کسانوں کا حصہ بڑھنا چاہیے۔ کسانوں کی امداد کی حکومتی پالیسیوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیاں بہت مثبت ہیں اور ان کے دور رس نتائج ہو سکتے ہیں۔ ذخیرہ اندوزی اور کریڈٹ کے انتظامات میں کوآپریٹیو کا استعمال کر کے بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## معذور افراد کو جدید آلات کا فائدہ ملے گا: رویندر

نئی دہلی، 22 مئی (یو این آئی) دہلی کے سماجی بہبود کے وزیر رویندر اندراج سنگھ نے کہا کہ دہلی حکومت معذوروں کو بااختیار بنانے کے لئے ملک میں جاری سوگم بھارت ابھیان کو کامیاب بنانے کے لئے مؤثر طریقے سے کام کر رہی ہے اور دہلی کے معذور افراد کو بھی جدید آلات کا فائدہ ملے گا۔ مسٹر سنگھ نے کانپور میں انڈین آرٹیفیشل لمب مینوفیکچرنگ کارپوریشن کے ہیڈ کوارٹر میں مینوفیکچرنگ یونٹ کا معائنہ کیا تاکہ معذوروں کے لیے جدید اور بہتر آلات تیار کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں دہلی حکومت معذوروں کو بااختیار بنانے کے لئے ملک میں چلائے جانے والے سوگم بھارت ابھیان کو کامیاب بنانے میں مؤثر طریقے سے مصروف ہے۔ اس سلسلے میں انڈین آرٹیفیشل لمب مینوفیکچرنگ کارپوریشن کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کر کے جدید ترین معاون آلات سے متعلق معلومات حاصل کی گئیں۔

# نئی نسل کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا میری اولین ترجیح: ڈاکٹر شمس اقبال



نئی دہلی، 22 مئی (یو این آئی) نئی نسل کی صلاحیت سازی اور ان کی تربیت پر زور دیتے ہوئے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شمس اقبال نے کہا کہ نئی نسل کی تربیت اور ان کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا میری اولین ترجیح ہے۔ یہ بات انہوں نے 'کریٹیو رائٹنگ اینڈ چلڈرن لٹریچر' پینل کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اسی لیے میں نے بچوں اور نوجوانوں کو سامنے رکھ کر یہ پینل بنایا ہے تاکہ نئی نسل کو ان کے ذوق کے مطابق علمی مواد فراہم کیا جا سکے۔ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کریٹیو رائٹنگ اینڈ چلڈرن لٹریچر پینل کے چیئرمین پروفیسر غضنفر نے کہا کہ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ بچوں اور نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو بیدار کیا جائے تاکہ وہ اپنی تخلیقیت کا استعمال کر سکیں۔ تخلیقیت کے فروغ کے لیے ورکشاپ کا اہتمام کیا جائے۔ بچوں کی عمر کے اعتبار سے بیسک ووکیبلری تیار کیا جائے جن کی روشنی میں بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق نصابات تیار کیے جا سکیں۔ این بی ٹی کے چیف ایڈیٹر اور جوائنٹ ڈائرکٹر کمار وکرم نے کہا کہ اردو میں دوسری زبانوں سے بھی مواد ترجمے کی شکل میں لینے کی ضرورت ہے۔ اردو کی کلاسیکی کتابوں کو مختصر ورژن (Abridge Version) میں شائع کیا جائے۔ کمار وکرم نے کونسل کے کاموں کی بھی ستائش کی۔ کرناٹک اردو اکیڈمی کے سابق چیئرمین ڈاکٹر حافظ کرناٹکی نے کہا ہے کہ قومی اردو کونسل بچوں اور نئی نسل کے لیے بہت عمدہ کام کر رہی ہے۔ آج کی اس میٹنگ میں تقریباً 45 دیدہ زیب کتابوں کو منظوری دی گئی جو قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو ذہن میں رکھ کر ورکشاپ موڈ میں تیار کی گئی تھیں۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ قومی اردو کونسل کے اراکین کس محنت و جاں فشانی سے کام کر رہے ہیں۔ میٹنگ میں شرکا نے ایک سال کی مدت میں تیار کی گئی کتابوں کی اشاعت کی منظوری کے علاوہ سابقہ برسوں میں تیار کی گئی کتابوں کو بھی منظوری دی۔ اس موقعے پر وزارت تعلیم حکومت ہند کے ایپ 'راشٹریہ ای۔ پستکالیہ' سے بھی جڑنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ میٹنگ میں موجود ممبران نے گذشتہ ایک سال میں کیے گئے کاموں کی ستائش کرتے ہوئے نئے عزائم اور منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ میٹنگ میں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شمس اقبال کے علاوہ گورننگ کونسل کے ممبران میں محمد شہزاد، ارشد فریدی کے علاوہ این بی ٹی کے چیف ایڈیٹر اور جوائنٹ ڈائرکٹر کمار وکرم، ڈاکٹر امجد حسین حافظ کرناٹکی، اقبال برکی، ڈاکٹر نعیمہ جعفری پاشا، سراج عظیم، محترمہ شاہ تاج خان، محترمہ شائستہ یوسف، ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر، اکیڈمک)، ڈاکٹر مسرت (ریسرچ آفیسر، اکیڈمک)، ڈاکٹر عبد الباری (اسسٹنٹ ایڈیٹر)، نہاں رباب (ریسرچ اسسٹنٹ، اکیڈمک) اور محمد افروز (ویب ماسٹر) وغیرہ شامل ہوئے۔

# امارت شرعیہ کا مقصد نفاذ شریعت، مستند عالم دین ہی ہو سکتا ہے امیر شریعت

## مجلس ارباب حل وعقد نے جناب احمد ولی فیصل رحمانی کی معطلی پر مہر لگائی، مولانا انیس الرحمن قاسمی متفقہ طور پر امیر شریعت منتخب




پٹنہ 22 مئی (پریس ریلیز) امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ کے اراکین مجلس ارباب وعقد اور علماء و دانشوران کا ایک اہم اجلاس مولانا مظہر الحق آڈیٹوریم، نزد جج بھون پٹنہ میں منعقد ہوا، جس میں چھ سو سے زائد اراکین ارباب حل وعقد امارت شرعیہ اور علماء و دانشوران نے شرکت کی، اجلاس میں تحفظ شریعت سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور وقف ایکٹ سے متعلق تحریکات کا جائزہ لیا گیا، چونکہ امارت شرعیہ نے بھی سپریم کورٹ میں وقف ایکٹ کی متعدد شقوں کو چیلنج کیا ہے، اس پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ اراکین مجلس ارباب حل وعقد نے متفقہ طور پر جناب احمد ولی فیصل رحمانی صاحب کی غیر ملکی شہریت، ان کے مستند عالم دین نہ ہونے، ٹرسٹ ڈیڈ امارت شرعیہ اور دستور امارت شرعیہ کی خلاف ورزیوں، اور ان کے گمراہ کن عقائد، کھلے عام گمراہی کی دعوت دینے وغیرہ جیسی خلاف شرع اور خلاف دین حرکتوں کی بنیاد پر معزولی کا اعلان کیا۔ اور بورڈ آف ٹرسٹیز نے اپنی 20 مارچ 2025 کی میٹنگ میں ان کی معطلی کا جو فیصلہ کیا تھا اس کی توثیق کی۔ ارباب حل وعقد کے اس اجلاس نے مولانا انیس الرحمن قاسمی کو بورڈ آف ٹرسٹیز کے ذریعہ امیر شریعت منتخب کرنے کی بھی توثیق کی اور ان کے ہاتھ پر سمع وطاعت کی بیعت کی۔ اجلاس میں مقررین نے واضح انداز میں امارت شرعیہ کے اغراض و مقاصد کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ امارت شرعیہ امت مسلمہ کا قیمتی اثاثہ ہے، یہ اسلاف کی یادگار اور ان کی آہ سحر گاہی کا ثمرہ ہے۔ ہمارے بزرگوں نے اس ادارے کو اپنے خون جگر سے سینچا اور سنوارا، اس کی بنیاد اخلاص پر رکھی گئی ہے، یہی وجہ ہے کہ ہر مسلمان کے دل میں اس کے لئے ایک خاص مقام ہے۔ امارت شرعیہ سے ہر مسلمان اور بطور خاص بہار، اڈیشہ وجھارکھنڈ کے مسلمانوں کا جذباتی اور قلبی لگاؤ ہے، امارت شرعیہ کی حیثیت ایک دینی وشرعی ادارے کی ہے، جس کی بنیاد ہی قرآن وحدیث اور شریعت اسلامی ہے۔ یہ دیگر اداروں اور عام تنظیموں سے بالکل جدا ہے، یہی وجہ ہے کہ امارت شرعیہ کے بانیان نے اس کا جو اہم مقصد بیان کیا ہے وہ منہاج نبوت پر نظام شرعی کا قیام ہے؛ تاکہ مسلمانوں کے لیے صحیح شرعی زندگی حاصل ہو سکے۔ جب امارت شرعیہ کا مقصد نفاذ شریعت ہے تو اس ادارہ کا امیر وہی ہو سکتا ہے جس کو شریعت کا گہرا علم ہوگا، جو علم شریعت، اصول شریعت اور مزاج شریعت سے واقف ہو اور ایسا شخص وہی ہو سکتا ہے جو ایک مستند، ماہر اور تجربہ کار عالم دین ہوگا۔ اور چونکہ جناب احمد ولی فیصل رحمانی صاحب کے اندر یہ صفات نہیں ہیں اس لیے وہ امیر شریعت بننے کے اہل نہیں ہو سکتے۔ ارباب حل وعقد کے اجلاس میں موجودہ صورت حال میں امت مسلمہ کو جو مسائل درپیش ہیں ان پر بھی اظہار خیال ہوا مثلاً وقف ترمیمی قانون 2025، اتحاد امت، فروغ تعلیم، فروغ اردو زبان اور اصلاح معاشرہ کے مختلف اہم پہلوؤں پر گفتگو ہوئی اور مندرجہ ذیل اہم تجاویز منظور ہوئیں۔ جن میں فروغ تعلیم، وقف ترمیمی ایکٹ، فروغ اردو زبان، اتحاد امت جیسے موضوعات پر بھی تجاویز منظور ہوئیں۔ ارباب حل وعقد امارت شرعیہ کے اس میں اجلاس بورڈ آف ٹرسٹیز امارت شرعیہ کے 20 مارچ 2025 کے فیصلہ کی توثیق کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ چونکہ جناب احمد ولی فیصل رحمانی صاحب امارت شرعیہ بہار، اڈیشہ وجھارکھنڈ ٹرسٹ کے ضوابط اور دستور امارت شرعیہ کے مطابق اپنی غیر ملکی وطنیت، مستند عالم باعمل نہ ہونے، اپنے گمراہ کن عقائد اور ٹرسٹ کے ضوابط کی خلاف ورزی کی بنیاد پر امیر شریعت کے عہدہ کے اہل نہیں ہیں اس لیے بورڈ آف ٹرسٹیز کے ذریعہ ان کی معزولی کی تائید و توثیق کرتے ہوئے ہم ارباب حل وعقد امارت شرعیہ احمد ولی فیصل رحمانی صاحب کی معزولی کا اعلان کرتے ہیں۔ اور ان سے گزارش کرتے ہیں کہ آپ جلد از جلد امارت شرعیہ کو خالی کریں، اس کی املاک، دستاویزات، رسیدات، لیٹر پیڈ اور بیت المال کا استعمال کرنا فوراً بند کریں اور امت میں اختلاف وانتشار پیدا نہ کریں۔

## ریکھا گپتا حکومت دہلی میں کچی آبادیوں کو اجاڑنے کی مہم چلا رہی ہے: یادو

نئی دہلی، 22 مئی (یو این آئی) دہلی پردیش کانگریس کے صدر دیویندر یادو نے دہلی کی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) حکومت پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح سے ریکھا گپتا حکومت سڑکوں پر دکانداروں اور غریب کچی آبادیوں کو بے دخل کرنے کی مہم چلا رہی ہے، اس سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ بی جے پی لیڈر انتخابات کے دوران جھگی بستیوں میں رات گزارنے اور ریڑی پٹری والوں کا حامی بننا صرف ووٹ بٹورنے کی سیاست تھی۔ جمعرات کو میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے مسٹر یادو نے کہا کہ بی جے پی اقتدار میں آنے کے بعد جھونپڑیوں میں رہنے والے غریب لوگوں اور گلیوں کے دکانداروں پر مسلسل حملے کر رہی ہے جو مہنگائی اور ریکارڈ بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روزی روٹی کا حق بنیادی حق ہونے کے باوجود بی جے پی لوگوں کا روزگار چھیننے کا کام کر رہی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا یہ بی جے پی کا روزگار، مکان اور ترقی کا وعدہ ہے؟ کانگریس لیڈر نے کہا کہ یونائیٹڈ پروگریسو الائنس (یو پی اے) حکومت نے ریہڑی پٹری لائیولی ہڈ پروٹیکشن ایکٹ 2014 کے تحت ملک بھر میں شہری گلیوں کے دکانداروں کی روزی روٹی کے تحفظ اور ان کی سرگرمیوں کو منظم کرنے کے لیے کام کیا اور انہیں روزی روٹی تحفظ فراہم کرنے کا حق دیا۔ دہلی میں 5 لاکھ سے زیادہ اسٹریٹ وینڈرز ہیں جنہیں مستقل جگہ فراہم کرنے اور انہیں باقاعدہ بنانے کے لیے حکومت کو سروے کرنا پڑا اور سٹی وینڈنگ کمیٹیاں بنا کر انہیں لائسنس جاری کرنا پڑا، لیکن عام آدمی پارٹی نے اپنے 11 سال کے دور حکومت میں اور بی جے پی نے میونسپل کارپوریشن سمیت دہلی میں اقتدار میں آنے کے بعد اسٹریٹ فروشوں کو مستقل جگہ فراہم کرنے کے لیے کچھ نہیں کیا۔ بلکہ ترقی کے نام پر انہیں ہٹانے کا کام کر رہی ہے۔

## بہیمانہ حملے کے ایک ماہ بعد بھی پہلگام سیاحوں کا منتظر

پہلگام، 22 مئی (یو این آئی) جنوبی کشمیر میں واقع مشہور سیاحتی مقام پہلگام میں ٹھیک ایک ماہ قبل ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے سیاحوں کی بھیڑ نقطہ عروج پر تھی لیکن آج قدرتی خوبصورتی و رعنائی سے مالا مال یہ مقام ویرانی کا نظارہ پیش کر رہا ہے۔ ٹھیک ایک ماہ قبل اسی تاریخ کو یعنی 22 اپریل کو اس سیاحتی مقام کی تقدیر یکسر بدل گئی جب 3 سے 4 دہشت گردوں پر مشتمل ایک گروپ نے بیسرن وادی میں 25 بے گناہ سیاحوں اور ایک مقامی شخص کا قتل عام کر دیا۔ اس بہیمانہ واقعے سے پیدا شدہ دہشت کے بعد سیاحوں نے پہلگام کی سیر کرنے سے کنارہ کشی اختیار کی جہاں سال بھر سیاحوں کا تانتا بندھا رہتا تھا۔ آج پہلگام میں مٹھی بھر سیاحوں کو ہی گھومتے پھرتے دیکھا جا سکتا ہے، ہوٹل خالی ہیں اور دکانوں پر کوئی خریدار نظر نہیں آ رہا ہے اور بیسرن وادی اب سیاحوں کے لئے ممنوع ہے۔ جموں وکشمیر کے محکمہ سیاحت کے مطابق پہلگام میں 22 اپریل سے پہلے روزانہ تقریباً 10 ہزار سیاح آتے تھے اور آج یہ تعداد گھٹ کر 30 سے بھی کم رہ گئی ہے۔ اسی طرح اس مقام میں داخل ہونے والی گاڑیوں کی تعداد 13 سو روزانہ سے کم ہو کر محض 150 رہ چکی ہے۔ پہلگام بیوپار منڈل، جو ایک مقامی سطح کی ٹریڈرز باڈی ہے، کے نائب صدر زبیر احمد کا کہنا ہے: ہم نے اس سے قبل ایسا بدترین بحران کبھی نہیں دیکھا ہے۔ موجودہ صورتحال کو اپنی زندگی کا تاریک ترین دور قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا: اس علاقے میں 4 سو کے قریب دکاندار ہیں اور بیشتر دکانداروں کو اپنے ملازمین کو فارغ کرنا پڑا۔ چند سیاح جنہوں نے یہاں آنے کی ہمت کی ہے وہ مایوسی کا شکار ہیں کیونکہ حکام نے پہلگام کے تمام باغات میں داخلے پر پابندی لگا دی ہے۔ اڑیسہ سے تعلق رکھنے والے ایک سیاح، جو یہاں اپنے اہلخانہ کے ساتھ آیا تھا، نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا: پارکس کی بندش سے اداسی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا: اس سے ہمیں لگاتار 22 اپریل کا سانحہ یاد آتا ہے، ہم بھی یہاں زیادہ دیر تک رکنا نہیں چاہتے ہیں۔ پہلگام میں سب سے زیادہ متاثر ہونا والا طبقہ ان مقامی گھوڑے بانوں کا ہے جو سیاحوں کو گھوڑے پر بٹھا کر اپنی روزی روٹی کماتے تھے۔ ایک گھوڑے بان نے کہا: میں یہاں روزانہ لگ بھگ 4 ہزار روپے کماتا تھا لیکن جب سے حملہ ہوا ہے تب سے ایک پیسہ بھی نہیں کما سکا۔ انہوں نے کہا: ہم اب ایک مشکل صورتحال میں پھنس گئے ہیں، ہمیں اکثر پوچھ تاچھ کے لئے تھانے پر بلایا جاتا ہے، ہمارا قصور کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے: 2 ہزار سے زیادہ گھوڑے بان دہشت گردی کے حملے اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال کی وجہ سے اپنی روزی روٹی کے لیے محو جدوجہد ہیں۔ زبیر کا کہنا ہے کہ یہاں سیاحتی سیزن لگ بھگ ختم ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا: تاہم ہمیں شری امرناتھ جی یاترا سے کچھ امیدیں ہیں، اگرچہ یاترا سے سیاحت کو براہ راست فائدہ نہیں پہنچتا ہے، لیکن اس سے سیاحوں میں وادی میں واپس آنے کے لیے اعتماد پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ امسال سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 3 جولائی سے شروع ہونے والی ہے۔ گرچہ اس یاترا کا راستہ پہلگام سے گزرتا ہے تاہم اس کی محدود اور اعلیٰ حفاظتی نوعیت کی وجہ سے مقامی سیاحت کو ہونے والا معاشی فائدہ تاریخی طور پر محدود رہتا ہے۔ تاہم، فی الوقت، ایک وقت سیاحتی سرگرمیوں سے متحرک رہنے والا پہلگام خوف، غیر یقینی صورتحال اور معاشی مایوسی سے دوچار ہے۔ پہلگام میں 22 اپریل کو ہونے والا حملہ، جس کی ذمہ داری لشکر طیبہ کی ذیلی تنظیم ٹی آر ایف نے قبول کی، نے ہندوستان اور پاکستان کو جنگ کی دہلیز پر لے آیا۔ تفتیش کاروں نے تین حملہ آوروں کی شناخت اننت ناگ کے عادل حسین ٹھوکر اور دو پاکستانی شہری علی بھائی عرف طلحہ بھائی اور ہاشم موسیٰ عرف سلیمان کے طور پر کی۔

